© rasailojaraid.com

گوجرانوالہ میں جمعیۃ العلماء اسلام کی نظام شریعت کانفرنس علماء کے نئے جوش اور نئے ولولوں کا پیغام لے کر آئی، اس شان و شوکت سے رکاوٹوں کے باوجود اللہ کے دین کے نفاذ کے لئے اتنے لوگوں کا جمع ہو جانا اللہ کے فضل و کرم کا نتیجہ تھا۔ اور اس بات کا ثبوت کہ اہل حق کے عزم و استقامت کو حالات کی ناگواری ہرگز نہیں ڈگمگا سکتی۔ کنونشن کے اختتام میں، قائد جمعیۃ مولانا مفتی محمود صاحب نے حالات حاضرہ پر سیر حاصل تبصرہ فرمایا اور نفاذ شریعت کے سلسلہ میں آزادانہ شرعی عدالتوں کے قیام کا اعلان بھی ہم اس موضوع پر کسی اور فرصت میں تفصیل سے لکھیں گے کہ یہ نہایت قابل توجہ عظیم الشان اور قابل اعتناء مسئلہ ہے۔ مگر اتنا کہے بغیر نہیں رہ سکتے کہ قوم کے صحیح اور مثمر نتائج خدمات کے سلسلہ میں یہ پہلا مثبت اور انقلابی اقدام ہوگا۔ اگر جمعیۃ نے اس کے طریقہ کار، لائحہ عمل اور عملاً اس کام کو بڑھانے کا بار گراں سر پہ لے لیا تو آگے چل کر انشاءاللہ کئی بنیادی سیاسی، معاشرتی، مشکلات حل کرنے کی راہیں بھی نکل آئیں گی۔ اور قوم ہر لحاظ سے جس گرداب آفات میں مبتلا ہے۔ علماء حق اس کے نجات دہندہ قرار پا سکیں گے۔

والله يقول الحق وهو يهدي السبيل۔

سمیع الحق

---

**قرآن حکیم اور تعمیر اخلاق** | ایڈیٹر الحق کے قلم سے تعمیر اخلاق، اصلاح معاشرہ، عبادات کا اخلاقی پہلو، افراط و تفریط سے پاک معتدلانہ نظام۔ قیمت: ۲/۵۰ روپے

**تقریر مولانا مدنیؒ** | شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ کی ایک مبسوط غیر مطبوعہ تقریر، حکمت و موعظت کا خزانہ۔ قیمت ۷۵ پیسے۔

**عبادات و عبدیت** | شیخ الحدیث مولانا عبدالحق مدظلہ کے خطبات و تقاریر کا تازہ مجموعہ بندگی اور اس کے آداب عبادات کی حکمتیں اور اعمال صالح کی برکات اللہ کی عظمت، محبوبیت اور دیگر بیشمار علمی و دینی مضامین۔ قیمت ۵ روپے

**مکتبۃ الحق دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک ضلع پشاور**

© rasailojaraid.com